© rasailojaraid.com



# اسلام کا نظامِ حکومت

## تازہ ترین ایڈیشن

یہ کتاب صدیوں کے قانونی مطالبہ کا تاریخی جواب ہے، جس میں اسلام کی ریاستِ عامہ کا مکمل دستورِ اساسی اور مستند ضابطۂ حکومت پیش کیا گیا ہے۔

یہ عظیم الشان تالیف اسلام کا نظامِ حکومت ہی پیش نہیں کرتی بلکہ نظریۂ سیاست و سلطنت کو بھی منظرِ عام پر لاتی ہے۔ طرزِ تحریر زمانۂ حال کی قانونی زبان سے پوری مطابقت رکھتا ہے۔

صدیوں سے جو غلط نظریئے اسلام کی طرف منسوب ہو گئے ہیں اُن کی تردید کے لئے ایک خاص اسلوب اختیار کیا گیا ہے۔

ریاست و مملکت اور اُن کے متعلقات سے بحث کی گئی ہے ابتدا سے انتہا تک حکومتِ الٰہی کی تاریخ بیان کی گئی ہے۔ امامتِ کبریٰ اور خلافتِ راشدہ (جس کو ہم آج کی اصطلاح میں اسلامی حکومت کے نام سے موسوم کرتے ہیں) کا دستور العمل جدید عنوانات کے ساتھ حوالہ قلم کیا گیا ہے۔ درحقیقت ہمارے لٹریچر میں یہ پہلی کتاب ہے جو قانونِ قرآن، قانونِ نبوت، دستورِ صحابہ کے علاوہ اسلام کے علمائے اجتماعیات کی بے شمار کتابوں اور عصرِ حاضر کے نوشتوں کے مطالعہ اور سالہا سال کی عرق ریزی کے بعد سامنے آئی ہے، حکومت، سلطنت، سیاست اور قانون پر ایک عظیم الشان کتاب جو زمانۂ حال کے دل و دماغ کو اسلامی تصورات سے باخبر کرتی ہے اور اسلامی طرزِ حکومت کو شاہی، فاشسٹی، اشتراکی نظامہائے حکومت پر تفوق دیتی ہے۔ جدید ایڈیشن جس میں طوالت کے خوف سے بعض ٹکڑوں کو علیحدہ کر دیا گیا ہے۔ صفحات ۴۶۴۔ بڑی تقطیع، طباعت، کاغذ وغیرہ اعلیٰ درجے کا۔ قیمت چھ روپے، مجلد سات روپے۔

**منیجر مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی**



© rasailojaraid.com